# Girraj Govt college(A) Nizamabad.

## Department of Urdu

# Urdu Jignasa Project

## Study project Urdu

# تلنگانہ میں اردو نیوز پورٹلس۔ اہمیت واثرات ایک مطالعہ

- **Prepared by :**

1. Abdul Raqeeb
2. Maria Sameen
3. Muskan Tabassum
4. Shaik Muskan
5. Nasreen Firdouse
6. Afreen

**Supervisor :**

M. A. Rahman, Asst.Prof.

HoD of Urdu Department

# تلنگانہ میں اردو نیوز پورٹلس ۔ اہمیت واثرات ایک مطالعہ

کوویڈ۔19 وبا کے بعد دنیا میں واقعات کی آگہی اور زندگی کے مختلف میدانوں میں کام وترقی کے لئے انٹرنیٹ کی اہمیت دوچند ہو گئی 20 سال قبل خبروں کے لئے پرنٹ میڈیا اور کیبل ٹی وی واحد ذریعہ تھا لیکن ٹکنالوجی کی غیر معمولی ترقی نے ۔ ویب میڈیا نے الکٹرانک اور پرنٹ میڈیا کو پیچھے چھوڑ دیا۔ اور خبریں گھنٹوں کے بجائے منٹوں میں لوگوں تک پہنچنا شروع ہوگئیں ۔ دیگر زبانوں میں واٹس اپ، فیس بک اور ٹوئیٹر کے علاوہ خبروں کی ترسیل کے لئے ویب سائیٹس کے صفحات استعمال شروع کیا گیا جنہیں نیوز نورٹل کا نام دیا گیا۔ نیوز پورٹل انٹرنٹ کے اس ویب سائٹ صفحات کے مجموعہ کو کہتے ہیں جس میں خبریں تحریر کی شکل میں پائی جاتی ہے اسکے علاوہ ادارے تجزے اور دیگر موضوعات جیسے خواتین، ادب، ثقافت، تعلیم اور مذہب پر مضامین پائے جاتے ہیں۔

اسی طرح اردو میں بھی قومی اخبارات، نیوز چیانلس کے علاوہ صحافیوں نے انفرادی طور پر پورٹلس کی ابتدائی کی ان میں بصرت آن لائن، ساحل آن لائن، ہر پل آن لائن دی وائر اردو وغیرہ قابل ذکر ہیں۔

# پراجکٹ کی اہمیت وافادیت

ویب سائٹ پر موجود نیوز پورٹلس کی اہمیتو افادیت فی زمانہ اور زیادہ بڑھ گئی ہے۔ جہاں قومی صحافت صحیح خبر پہنچائے اور صحیح تجزیہ کرنے میں ناکام ہے ان پورٹلس کے ذریعہ صحیح خبر اور خبر کا صحیح تجزیہ پیش کیا جاسکتا ہے۔ یہ ویب سائٹس آسانی سے کم سرمائے سے شروع کئے جاسکتے ہیں دیگر زبانوں کے بہترین حوادکے اردو داں طبقہ تک پہنچا جاسکتا ہے راست طور پر عام افراد تک پہنچا جاسکتا ہے وہ مسائل جو قومی وریاستی میڈیا میں جگہ نہیں پاتے انہیں یہاں زیر بحث لایا جاسکتا ہے۔ زمینی حقائق سے واقفیت میں یہ معاون ہیں۔

# مقاصد مطالعہ

- اس مطالعہ کا اہم مقصد انٹرنیٹ پر موجود تلنگانہ سے جاری اردو نیوز پورٹلس کا جائزہ لینا اور یہ بتانا ہے کہ انکی کیفیت و کمیت کتنی ہے؟ طلبا اس مشاہدہ سے فائدہ اٹھا کر اس میدان کو مستقبل میں اپنا سکتے ہیں علمی سطح پر ان تجربات کو اور زیادہ وسیع کیا جاسکتا ہے۔ سماجی مسائل اور اسکے حل کے لئے صحیح رہنمائی کی جاسکتی ہے۔

# طریقہ کار

- اس پراجیکٹ میں انٹرنیٹ اور سوشل میڈیا پر دستیاب مواد کا مطالعہ کیا گیا اور اس مواد کی سوالات فون چھان بین کے ذریعہ تحقیق و تجزیہ کیا گیا اور تمام حاصل شدہ معلومات و حقائق سے نتیجہ اخذ کیا گیا۔

# تلنگانہ سے جاری اردو نیوز پورٹلس

اس وقت تلنگانہ سے جاری اردو نیوز پورٹلس کی تعداد چھ ہے

(1)اردو لیکس ڈاٹ کام

(2) اوداد عالم

(3) سحر نیوز

(4)تعمیر نیوز

(5) عصر حاضر

(6) اردو دنیاڈاٹ ان

# حقائق و تجزیہ

ان ویب سائٹس میں اداریئے پائے نہیں جاتے جبکہ دی وائر اردو میں اداریہ موجود ہوتا ہے تجزیاتی اور علمی مضامین مزید شامل کئے جاسکتے ہے اہم شخصیات کا انٹرویو لیا جاسکتا ہے۔ اعداد و شمار سے نتیجہ نکالے جاسکتے ہیں۔ حکومت سے سوال کئے جاسکتے ہیں ان کمیتوں کو پورا کیا جائے تو اردو نیوز پورٹلس معیاری پورٹلس میں اپنا مقام بناسکتے ہیں۔

# خلاصہ

اس مطالعہ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ صحافت میں ذاتی نظر و فکر بو تجربہ اور علم کے بعد ترقی پاتا ہے اردو نیوز پورٹلس میں یہ خلا پایا جاتا ہے جسے طلبا محنت ومشقت کے بعد اسے پورا کرسکتے ہیں اردو نے صحافت وکمپیوٹر ٹکنالوجی میں جو ترقی کی ہے وہ قابل ستائش ہے اسے اورزیادہ وسعت دی جاسکتی ہے اسکے لئے حکومت اور ادارے مل کر منصوبے بنائیں۔ آج بھی سوشیل میڈیا میں اردو نیوز پڑھنے اور دیکھنے والے ہزاروں لوگ موجود ہیں اسی لئے اردو کے مستقبل سے مایوس ہونے کی کوئی وجہ نہیں ہے۔

# شکریه